مستحق طلبہ کو بلا سود قرضے دینے کا فیصلہ

کراچی (نامہ نگار خصوصی) گریجویشن ماسٹر اور پی ایچ ڈی کی ٹیم کیلئے مستحق طلبہ کو 12 کروڑ 80 لاکھ 88 ہزار روپے کے بلا سودی قرضے دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق طلبہ کے لئے قرضوں کی اسکیم کے سلسلے میں قائم کمیٹی کا اجلاس ہفتہ کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ہیڈ آفس میں ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک منصور الرحمان کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے مستحق طلبہ کو 12 کروڑ 80 لاکھ 88 ہزار روپے کے بلا سودی تعلیمی قرضے جاری کرنے کی منظوری دی یہ بلا سودی قرضے 1893 گریجویشن ماسٹر اور پی ایچ ڈی کی تعلیم کے حصول کیلئے طلبہ کو فراہم کئے جائیں گے۔

گوشہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل

پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد سجاد صاحب

Allama Iqbal Openuniverssity

محترمی و مکرمی جناب پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب زادمجدکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ کرے آپ مع اہل وعیال خیریت سے ہوں۔

آپ کی کرم نوازی ہے کہ اپنی کتب اور علمی و تحقیقی مجلّہ علوم اسلامیہ عنایت فرمایا۔

آپ نے بڑی محنت لگن اور ذوق سے پرچہ کو مرتب کیا ہے یہ آپ کی علمی مہارت اور تحقیق و تدریس و تدوین میں آپ کے ذوق کی عکاسی کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ سے علمی و تحقیقی کام لے آپ کی ذات کو امت کے لئے نفع بخش بنائے۔ (آمین)

فہرست مقالات (قرآن) پیش خدمت ہیں۔

والسلام مع الاحترام